ابتدائی امیونائزیشن کے ثبوت کی درخواست کے لئے ٹیکسٹ

امیونائزیشن انرولمنٹ ٹول کٹ

(یاد دہانی کے لئے کم از کم تجویز کردہ ٹیکسٹ)

کیا ہمارے پاس آپ کے بچے کی تازہ ترین امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ ہے؟

ہمیں اس بات کا ثبوت اپنے پاس رکھنے کی ضرورت ہے کہ آپ کے بچے کی تمام امیونائزیشنز اپ ٹو ڈیٹ ہیں۔

اگر ہمارے پاس موجود امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ تازہ ترین ہے، اور اس کے جاری ہونے کے بعد سے کوئی ویکسینز لگانے کا وقت نہیں آیا، تو آپ کو ہمیں ایک اور کاپی دینے کی ضرورت **نہیں** ہے۔

تاہم، اگر ایسا نہیں ہے تو براہ مہربانی [آج کی تاریخ سے دو ہفتوں تک] آسٹریلین امیونائزیشن رجسٹر سے اپنے بچے کی امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ کی تازہ ترین کاپی ہمیں فراہم کریں۔

(حسب ضرورت شامل کرنے کے لئے تجویز کردہ اضافی ٹیکسٹ)

امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ کی تازہ ترین کاپی کیسے حاصل کی جائے

آپ آسٹریلین امیونائزیشن رجسٹر سے تازہ ترین اسٹیٹمنٹ مندرجہ ذیل طریقوں سے حاصل کرسکتے ہیں:

- آن لائن - <https://my.gov.au/LoginServices/main/login?execution=e1s1> MyGov کے ذریعے جب کہ آپ کا اکاؤنٹ بن چکا ہو۔
- Medicare Express Plus App <https://www.humanservices.gov.au/customer/services/express-plus-mobile-apps> کے ذریعے – جب کہ آپ کا MyGov اکاؤنٹ بن چکا ہو
- <http://findus.humanservices.gov.au/> Medicare Service Centre a کے کاؤنٹر پر
- فون کے ذریعے – آسٹریلین امیونائزیشن رجسٹر کو 1800 653 809 پر کال کریں۔
- اپنے جی پی \ نرس سے پوچھیں کہ آیا وہ اسٹیٹمنٹ پرنٹ کرسکتے ہیں (نوٹ فرمائیں کہ تمام امیونائزیشن پرووائیڈر ایسا نہیں کرسکتے)۔

کیسے پتہ چلے گا کہ آپ کا بچہ اپ ٹو ڈیٹ ہے

آسٹریلین امیونائزیشن رجسٹر سے حاصل کردہ امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ میں 'آگلی ویکسین کی تاریخ' (‘next vaccine due’) مستقبل میں ہونی چاہئے، یا لکھا ہونا چاہئے کہ 'مزید ویکسینز نہیں لگنی' (‘No vaccines due’)۔

ویکسینز نیشنل امیونائزیشن پروگرام شیڈول کے مطابق 2، 4، 6، 12 اور 18 ماہ اور 4 سال کی عمر میں لگائی جاتی ہیں یا پھر اگر آپ کا بچہ پرانی ویکسینز پوری کروا رہا ہے تو ایسی صورت میں ویکسینز آپ کے امیونائزیشن پرووائیڈر کے بتائے گئے وقت پر لگائی جاتی ہیں۔

ہمیں امیونائزیشن کے تازہ ترین ثبوت کی ضرورت کیوں ہے؟

وکٹوریہ میں قانون کے مطابق ابتدائی بچپن کی خدمات کو ایسے اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے جن سے یہ یقینی بنایا جاسکے کہ ہمارے پاس اپنے داخل شدہ بچوں کی امیونائزیشن کی تازہ ترین معلومات موجود ہیں۔ کسی ایسی وباء کے پھیلنے کی غیر متوقع صورت میں، جو کہ ویکسین کی مدد سے روکی جاسکتی ہے، ہمیں صحت کی اتھارٹیز کے ساتھ مل کر ان بچوں کی شناخت کرنے کے لئے کام کرنا پڑ سکتا ہے جنہیں کہ خطرہ لاحق ہوسکتا ہے اور اس بات کا پتہ چلانا پڑ سکتا ہے کہ ان بچوں کی بہترین حفاظت کے لئے کونسے اقدامات اور احتیاطیں برتی جانی چاہئیں۔

اس اشاعت کو معذور افراد کے لئے دوستانہ شکل میں حاصل کرنے کے لئے 1300 882 008 پر فون کریں، ضرورت ہونے پر نیشنل ریلے سروس 77 36 13 استعمال کریں، یا پھر ای میل <immunisation@dhhs.vic.gov.au> کریں۔

حکومت وکٹوریہ، 1 Treasury Place, Melbourne، نے اجازت دی اور شائع کیا۔

© اسٹیٹ آف وکٹوریہ، ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ ہیومن سروسز اکتوبر، 2018۔

<www.health.vic.gov.au/no-jab-no-play> پر دستیاب ہے۔